7-May-08

پریس ریلیز

کراچی (پ۔ر) مفتی اعظم پاکستان مفتی رفیع عثمانی نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے دورے کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے ٹرسٹ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ دیکھ کر بے حد خوشی ہوئی کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ بیماروں، غریبوں وضرورتمندوں کوخصوصاً میڈیکل کے شعبے میں بہترین خدمات فراہم کررہا ہے۔انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ حدیث میں ایک ایسی فاحشہ عورت کا قصہ ملتا ہے کہ جو باقاعدہ پیشہ ورتھی، کسی وقت جنگل میں سفر کررہی تھی پیاس سے بدحال تھی۔ یکایک ایک کنواں نظر آیا تو اس عورت نے اپنے دوپٹہ سے برتن لٹکا کر کنویں سے پانی نکالا اور اپنی پیاس بجھائی۔تھوڑی دیر بعد اسکی نظر کتے کے ایک بچے پر پڑی جس کی زبان مارے پیاس کے باہر تھی۔اُسے اپنی پیاس کا خیال آیا اور اُس نے اِس بے زبان پر رحم کھاتے ہوئے اسی طرح سے پانی نکالا اور اسے پلایا۔ حدیث میں آتا ہے کہ اللہ رب العزت نے اِس ایک عمل سے اُس کے سارے گناہ معاف فرما دیئے۔انہوں نے کہا کہ خلقِ خدا کی خدمت بالخصوص دکھی دِلوں کی دادرسی بھی بالکل ایسی ہی اعلیٰ عبادت ہے اور اللہ رب العزت کی رحمت سے بعید نہیں کہ وہ ہمارے بھی تمام گناہ اسی خدمتِ خلق کے باعث معاف فرمادے۔مفتی اعظم نے کہا کہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ اپنی خدمات کو شرعی احکامات اور تقاضوں کے مطابق ادا کررہا ہے۔انہوں نے اِدارہ کے منتظمین کو تلقین کی کہ وہ مزید اپنے کاموں کو بہتر سے بہتر بنانے کیلئے احکامِ خداوندی اور شریعت محمدی کی پیروی کریں تاکہ دین ودنیا کی تمام بھلائیاں حاصل ہوسکیں۔انہوں نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ہسپتال میں موجود ڈائلیسز اور فالج کے مریضوں کی جلد صحتیابی کی دعا فرمائی۔مفتی رفیع عثمانی نے عازمین حج کیلئے ادارے کی خدمات کو سراہا اور اس سلسلے میں عازمین کو سفرحج کی سہولیات فراہم کرنے والے شعبہ عالمگیر احرام ہاؤس کا افتتاح کیا اور بعدازاں دعا فرمائی۔

#